RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۲۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۹ شوال ۱۳۲۹ھ مطابق ۲۳ اکتوبر ۱۹۱۱ء	نمبر ۴۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	ترقی عہدہ یوسف علیخان کو تہ حوالدار بعہدۂ جمعداری...	۱ و ۲
۲	رخصت بیکاہ صاحب سپرنٹنڈنٹ پرچہ اخبار......	۲
۳	رخصت رعایتی بیکاہ اشرف علیخان نائب تحصیلدار.....	۲
۴	رخصت رعایتی عبدالغفار خان پیشکار اسسٹنٹ مجسٹریٹی..	۲
۵	عطاء سند وکالت در جداول بحیات بخش رسا......	۲
۶	نقشہ نرخنامہ اجناس........................	ضمیمہ

آرمی آرڈر پیشگاہ بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع یکم اکتوبر ۱۹۱۱ء

بنظر پرورش حسب استدعا کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج ریاست معروضہ ۲۶ ستمبر ۱۹۱۱ء نمبر ۲۲۷ کو تہ حوالدار یوسف علیخان ولد اسد علیخان فرسٹ بٹالین امپریل سروس انفنٹری کمپنی نمبر ۳ جمعدار کیا گیا جبتک جگہ خالی نہیں ہے ڈبل سے زیادہ رہیگا

اور یہ جمعدار ٹرانسپورٹ کے سامان وغیرہ کا انتظام کریگا اور مہتمم ونگران رہیگا۔ عملدرآمد ۲۶ر ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء سے ہونا چاہیئے۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالکم وملکہم

رخصت

۱۷ر اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء

رخصت یکماہ صاحب سپرنٹنڈنٹ پرچہ خاص ابتدا ۲۰ر اکتوبر لغایت ۱۹ر نومبر سنہ ۱۹۱۱ء بوجہ علالت وتبدیل آب وہوا منظور فرمائی گئی۔ اس عرصہ مین پرچہ کا کام صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص کرینگے۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۱۰ر اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست رخصت مزید پندرہ یوم منشی شریف احمد مہتمم بندوبست منظور کی گئی۔

۱۴ر اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء

رخصت رعایتی یکماہ اشرف علیخان نائب تحصیلدار حضور تحصیل منظور کی گئی۔ اور حکم ہوا کہ آیندہ اگر درخواست مزید رخصت کی اس سلسلہ مین پیش ہوگی تو بوضع تنخواہ رخصت ملیگی۔ رعایتی نہین ملیگی۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

واقع ۱۸ر ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء

حسب نشا حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم رخصت رعایتی پانچ ماہ بنابر سفر حج عبدالغافر خان پیشکار سرشتہ عدالت اسسٹنٹی درجہ اول منظور ہے۔ ایام رخصت پیشکار مذکور مین حسب رائے صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول منشی رام سروپ اہلمد پیشکاری کا کام انجام دیگا اور رام سروپ اپرنٹس کی بجاے اہلمد کے تقرری کی اسوجہ سے منظوری نہین دیجاتی کہ وہ اپرنٹس باضابطہ نہین ہے جیسے رجسٹر امیدواران مین نام اسکا دیکھا کہین درج نہین ہے۔ ایسے شخص کا جو بلا حکم ہو کام کرنا خلاف قاعدہ ہے۔ لہذا بجاے رام سروپ اہلمد نور احمد اپرنٹس جو عدالت اسپشل مجسٹریٹ مین کام کر رہا ہے بشاہرہ دس روپیہ ماہوار تا زمانہ رخصت پیشکار عدالت اسسٹنٹی درجہ اول مین مقرر کیا جاے۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام جاری ہون۔ حکم منظوری رخصت منسلک روبکار ہذا ہے۔

[illegible]

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

واقع ۴ر اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء

مثل نا صیہ درخواست حیات بخش المتخلص بہ سا

دربارہ عطاے سند درجہ اول

چونکہ سائل کو بموجب حکم ۴ر جولائی سنہ ۱۹۱۱ء سند وکالت درجہ اول دیے جانیکا حکم ہو چکا ہے۔ لہذا ایک ایک نقل اسکی عدالت ججی وخفیفہ مین بھیجی جاوے اور ایک نقل درج گزٹ ہو

[illegible]

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۱۶ر اکتوبر لغایۃ ۲۲ر اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء

نام جنس	تحصیل حضور	شاه آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈه	کیفیت
گندم	٠	٠	٠	۱۲٠ا ار	۱۳ا ار	٠	دیگر تحصیلات سے نقشہ نرخنامہ نہیں آیا
نخود خالص	٠	٠	٠	۱۵ا ار	۱۵ا ار	٠	
نخود کسه آمیز	٠	٠	٠	۱۷٠ا ار	۱۵ا ار	٠	
کسه	٠	٠	٠	٠	۱۵ا ار	٠	
ماش	٠	٠	٠	۸ ار	۸ ار	٠	
مونگ	٠	٠	٠	٠	۸ ار	٠	
مکا	٠	٠	٠	۲۰ ار	۲۰ ار	٠	
جئی	٠	٠	٠	۱۷ا ار	۱۸ا ار	٠	
گوجئی	٠	٠	٠	٠	۲۰ ار	٠	
عدس	٠	٠	٠	٠	٠	٠	
ارہر	٠	٠	٠	٠	٠	٠	
برنج	٠	٠	٠	۷ ار	۷ ار	٠	
روغن زرد	٠	٠	٠	[illegible]	[illegible]	٠	
روغن سیاه	٠	٠	٠	٠	۷ ار	٠	
روغن کنجد	٠	٠	٠	٠	۱۰ ار	٠	
نمک سانبھر	٠	٠	٠	۳ ار	۱۳ا ار	٠	
نمک لاہوری	٠	٠	٠	٠	۲۰ ار	٠	
قند سیاه	٠	٠	٠	۵ ار	۵ ار	٠	
باجره				٠	٠	٠	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور